PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Office No.091-9210489-1222
Fax No. 091-9210258

PRIVILEGE MOTION

Session 23th
Notice No. 191
Received Dated 19/7/2022
Department Health

منجانب: **آصف خان صاحب، ایم پی اے**

میں تین ہفتے قبل لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے آئی سی یو کا دورہ کرتے ہوئے مجھے بہت دُکھ ہوا، میرے حلقے کے چند معزز کارکنان نے شکایت کی کہ اس کا بیٹا اور رشتہ دار ہسپتال میں داخل ہے اور اسے آئی سی یو کے انچارج ڈاکٹر کی توجہ کی ضرورت ہے۔ ایک منتخب ایم پی اے ہونے کے ناطے اور انسانیت کی بنیاد پر، جب میں ائی سی یو میں تیمارداری کے لئے داخل ہوا تو دیکھا کہ مریض کی حالت نازک ہے، میں پاس کاؤنٹر پر بیٹھی نرس کو مخاطب ہوا کہ ڈاکٹر کو کال کرے۔

اچانک ایک آدمی آئی سی یو میں داخل ہوا، اور بغیر کسی وجہ کے وارڈ میں چیخا کہ آپ لوگ کیسے وارڈ میں داخل ہوئے سیاسی شخصیت کی وجہ سے میری پارٹی کے ایک کارکن نے اس کے لیے دعا کے دوران مریض اور میری تصویر کھینچ لی۔ اس شخص نے اپنا تعارف ڈاکٹر کی حیثیت سے کروایا اور نہایت بدتمیزی سے کہا کہ اس تصویر کو موبائل سے ڈیلیٹ کردیں۔ جب یہ صورت حال بنی تو ہم سائیڈ روم میں چلے گئے اور اسی وقت انچارج ڈاکٹر بھی سائیڈ روم میں آگیا۔ ہم نے مریض کے بارے میں بات کی اور پیش آنے والے واقعہ پر بات کی۔ اس دوران ڈاکٹر انچارج سے معلوم ہوا کہ وہ میڈیکل ٹیکنیشن ہے۔ دریں اثناء میں جب پوچھا کہ آپ نے مجھ سے جھوٹ کیوں بولا؟ اس وہ پھر چیخا اور میرے پاس بھاگا اور مجھ پر حملہ کرنا چاہا۔ یہ سارا واقعہ میں لے کر MD اور HR Director لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے پاس ایڈمنسٹریشن بلاک گیا تو انہوں نے کہا کہ ہم انکوائری کریں گے۔ اب پچھلے ہفتے میں نے اسے انکوائری کے سلسلے میں فون کیا کہ پیش رفت ہوئی تو MD صاحب نے کہا کہ میں شہر سے باہر ہوں، پھر میں HR Director کو فون کیا تو انہوں نے کہا کہ اگلے ہفتے بتاؤں گا۔

کل میں نے HR Director دونوں کو فون کیا تو جواب ملا کہ تاحال کچھ پیش رفت نہیں ہوئی مگر وہ میڈیکل ٹیکنیشن آپ سے سوری کہہ دے گا۔ میں نے اس سے کہا کہ مجھے انکوائری رپورٹ دیں۔ ان کے غیر ذمہ دارانہ اس امر کی دلیل ہے کہ جو ایک عوامی نمائندہ کا یہ حال ہے تو عام لوگوں کا کیا حال ہو گا۔

آپ سے گزارش ہے کہ میرے تحریک استحقاق کو اسٹینڈنگ کمیٹی میں ریفر کیا جائے اور یہ انکوائری کمیٹی میں کرائی جائے۔